



بوستانِ سعدی

مع فرہنگ


بہ تحشیہ مولانا قاضی سجاد حسین صاحب


ناشر

قدیمی کتب خانہ

مقابل آرام باغ۔ کراچی ۱








بوستان سعدی

بہ تحشیہ مولانا قاضی سجاد حسین صاحب



ناشر

قدیمی کتب خانہ

مقابل آرام باغ کراچی ۱

60218

اس ایڈیشن کی خصوصیات

ارادتمندانِ شیخ سعدیؒ کی خدمت میں تحفۂ "بوستاں" پیش کیا جارہا ہے۔ فارسی ادب ی اس عظیم کتاب کے بہت سے ایڈیشن شائع ہوئے ہیں، لیکن ہم نے اِس ایڈیشن کو سابقہ او وجودہ ایڈیشنوں سے بہتر بنانے کے لیے مندرجہ ذیل التزامات کئے ہیں:

۱۔ "بوستاں" کے مستند نسخوں کو سامنے رکھ کر مروجہ نسخوں کی اغلاط کو درست کیا گیا ہے۔

۲۔ "بوستاں" کے عام نسخوں میں یائے معروف اور یائے مجہول کی کتابت میں کوئی فرق نہیں تھا، ور نہ نون غنہ اور نون ساکن میں کوئی امتیاز تھا۔ ہم نے یہ التزام کیا ہے کہ یائے معروف کو گول (ی) ور یائے مجہول کو لمبا (ے) لکھا ہے۔ نیز نون غنہ پر نقطہ نہیں لگایا ہے اور نون ساکن پر نقطہ لگایا ہے س سے دونوں میں امتیاز ہو گیا ہے۔

۳۔ جو حروف ایسے ہیں کہ ان کے حرکات بدل جانے سے معنی بدل جاتے ہیں، ان پر حرکتیں لگادی ہیں، اور جہاں کہیں اضافت ہے اس کو حرکتِ اضافت کے ذریعہ ظاہر کیا گیا ہے۔

۴۔ سابقہ و مروجہ ایڈیشنوں کے حواشی سے موجودہ دور کے طلبہ استفادہ نہیں کر سکتے تھے۔ اس ایڈیشن میں آسان اردو زبان میں ایسے طور پہ حاشیہ لکھا گیا ہے کہ ہر مشکل لفظ کا ترجمہ ہو جائے اور شعر کا مطلب بآسانی سمجھ میں آجائے۔ اس کے علاوہ مفرد کا جمع اور جمع کا مفرد بھی بیان کر دیا گیا ہے۔

۵۔ "بوستاں" کے بعض اشعار میں اختلافات پائے جاتے ہیں۔ ایسے اختلاف کی صورت میں

وہی شعر لیا گیا ہے جو سب سے زیادہ مستند اور موزوں تھا۔

۶۔ "بوستاں" کے مروجہ نسخوں میں فہرست مضامین شامل نہیں تھی۔ قارئین کی سہولت کے لیے ہم نے کتاب کے شروع میں فہرستِ ابواب و حکایات شامل کر دی ہے تاکہ اگر کوئی مخصوص مضمون تلاش کرنا ہو تو وہ باآسانی نکالا جا سکے۔

۷۔ کتاب کے شروع میں شیخ سعدیؒ کی مختصر سوانح حیات بھی شامل کی جا رہی ہے جو باوجود مختصر ہونے کے مفید معلومات پر مشتمل ہے۔

۸۔ طلبہ کی سہولت کی خاطر کتاب کے آخر میں مشکل الفاظ کی شرح کے لیے ایک فرہنگ لگا دی گئی ہے۔

۹۔ کتاب کی اہمیت کے پیشِ نظر اس کی کتابت و طباعت اور کاغذ کا معیار بلند رکھا گیا ہے اور کتاب کو خوبصورت انداز میں شائع کیا گیا ہے۔

ان التزامات کے بعد امید ہے کہ قارئین اس نسخۂ "بوستاں" کو سب سے عمدہ، مفید اور صحیح پائیں گے۔

معراج محمد

قدیمی کتب خانہ کراچی



پیش لفظ

انسان مرنے، مٹنے، فنا ہو جانے کے لئے پیدا ہوا ہے، مگر کچھ انسان ایسے بھی ہوتے ہیں، جو مر جانے، مٹ جانے، فنا ہو جانے پر بھی مُردہ تاریخ کے صفحوں اور زندہ انسانوں کے دلوں میں زندہ رہتے ہیں۔ یہ خوش بخت انسان وہی ہوتے ہیں، جن پر فضلِ الٰہی کسی کمال کو ارزاں کر دیتا ہے اور یہ انسان اس کمال کی بدولت حیاتِ جاودانی سے شادکام ہو جاتے ہیں۔

شیخ سعدی بھی ایسے ہی موہوب من اللہ خوش بخت انسان تھے۔ اُنھیں مَرے صدیاں بیت گئیں، مگر آج بھی ویسے ہی زندہ ہیں، جیسے اپنی زندگی میں زندہ تھے، بلکہ امتدادِ زمانہ کے ساتھ اُن کی یہ بعد از موت زندگی ہی نہیں بلکہ شہرت، مقبولیت، محبوبیت بھی ممتد ہوتی جاتی ہے۔ دنیا کے باکمال اہلِ قلم میں کم ہی آدمی اس خوش نصیبی میں شیخ سعدی کے شریک کہے جا سکتے ہیں۔

حکمتِ الٰہی کے بھید کون جان سکتا ہے؟ اکثر بڑے آدمیوں کی طرح شیخ بھی کمسنی میں باپ کے سائے سے محروم ہو گیا تھا، لیکن فطرتِ سلیم تھی اور گھر میں دینداری کی فضا تھی، اس لئے شیخ کی اُٹھان، دینداری و پرہیزگاری پر ہوئی۔ آخر عمر تک اُس کی زندگی بے داغ رہی۔ عبادت، زُہد، تصوّف کا اُس پر غلبہ رہا۔

لیکن شیخ شاعر تھا، پیدائشی و فطری شاعر، اس لئے قدرتی طور پر اس کے حواس بیدار تھے اور ادراکِ حُسن میں از حد حسّاس، فطری شاعروں کی طرح شیخ بھی زہد و اتقا کے ساتھ حُسن سے کما حقہٗ متاثر ہوتا اور اپنی کوثر و تسنیم میں دُھلی ہوئی زبان سے

حُسن کے بیان و شرح میں ڈوب جایا کرتا۔

پھر شیخ سیّاح بھی تھا، ایسا سیّاح نہیں کہ آنکھیں بند کئے زمین ناپ آئے۔ شیخ کی سیّاحی، دنیا کا گہرا معائنہ اور ٹھوس مطالعہ تھا۔ آدمی فطری شاعر ہو اور کُھلی آنکھوں سے دنیا کی سَیر بھی کر لے، تو ظاہر ہے کہ بے ارادہ بھی سب آدمیوں سے الگ آدمی بن جائے گا۔

شیخ بھی ایک ایسا ہی الگ آدمی بن گیا تھا۔ اُس کی دنیا سب آدمیوں سے الگ تھلگ خود اپنی بنائی ہوئی دنیا تھی۔ وہ اپنی اس دنیا کا شہنشاہ تھا اور بے خوف خطر سُلطانی کرتا تھا۔

لیکن ہر بڑے آدمی کی طرح شیخ کو بھی حاسدوں، معترضوں، نکتہ چینوں کی چھریاں کھانا پڑیں۔ الحاد، زندقہ، حُسن پرستی و رندی کی تہمتیں تراشی گئیں، لیکن شیخ کی دنیا ان دنیاداروں سے کہیں ارفع و اعلیٰ و اشرف تھی۔ وہ اپنی دنیا میں مگن تھا۔ اس کی دنیا تقویٰ و طہارت، محاسبۂ نفس و اصلاحِ خلق کی دنیا تھی۔ اس دنیا پر سلطانی کرنے والا شیخ بھلا لوگوں کی دُشنام و غوغا سے کب متاثر ہو سکتا تھا؟ برابر اپنے کاموں میں مصروف رہا۔ تصنیف و تالیف اس کا مَن بھاتا مشغلہ تھا اور وہ اپنے قلم و صحائف میں مستغرق رہتا۔

شیخ کے لئے سب سے بڑی اِبتلا یہ تھی کہ بادشاہوں کے دربار میں کبھی کبھی جانا پڑتا تھا، مگر شیخ اس ابتلا میں بھی پورا اُترا۔ مدحیہ قصیدے تو اُس نے لکھے مگر دوسرے شاعروں کی طرح خوشامد، تملق، چاپلوسی، جھوٹ سے اس کا دامن آلودہ نہ ہونے پایا۔

بوستاں میں فرماتا ہے :۔

دلیر آمدی سعدیا در سخن ... چو تیغے بدست است فتحے بکن
بگو آنچہ دانی کہ حق گفتہ بہ ... نہ رشوت ستانی و نہ رشوہ دہ

طمع بند و دفتر ز حکمت بشوے　　　طمع بگسل و ہر چہ خواہی بگوے

شیخ پر زور دیا جاتا تھا کہ بادشاہوں کی تعریف میں زمین آسمان کے قلابے ملادو۔ دولت پھٹ پڑے گی! شیخ کا جواب ہمیشہ ایک ہی ہوتا "آزاد گردن بھی کسی کے آگے جھک سکتی ہے؟"

شیخ کی زندگی پر قناعت کی چھاپ سب سے اُبھری نظر آتی ہے، مگر شیخ کے نزدیک قناعت کا مفہوم ہمعصر علماء و صوفیاء سے مختلف تھا۔ ان بزرگوں کی قناعت یہ تھی کہ اُمراء سے تو بچا جائے، لیکن غریبوں کی کمائی پر گل چھرے اُڑائے جائیں۔ اس غلط روی کا نتیجہ یہ نکلا کہ اکثر علماء و مشائخ شاہی درباروں اور چاپلوسیوں سے دور رہے، مگر عوام کو اپنا رزاق سمجھ کر اُن کی خوشامد و چاپلوسی میں لگ گئے۔ ان کی پسندیدہ بدعتوں کو سراہنے لگے۔ ان کی بیہودگیوں کے مدح خواں بن گئے۔ آخر وہی ہوا جو ہونا تھا۔ عوام بے مہار ہو کر دین و شریعت کے جادے سے ہٹ گئے اور اپنی خرافات ہی کو حق و ہدایات سمجھ بیٹھے۔ آج تک مصلحین اس فساد کے ازالے میں سرگرم ہیں، مگر کامیابی دور ہے۔

ہمارے شیخ کی قناعت ایسی نہ تھی۔ اُس زمانے میں بھی خوشحالی و تونگری بدترین ذلتوں سے حاصل ہوتی تھی۔ خوشامد، ذلتِ نفس، منافقت، ریاکاری، زمانہ سازی، ان ننگِ انسانیت خصلتوں میں پختہ ہوئے بغیر آدمی آسودگی حاصل نہیں کر سکتا تھا، لیکن مولانا نعمانیؒ کے لفظوں میں شیخ کے بعض اشعار کا ترجمہ ملاحظہ ہو:۔

"تم قناعت اختیار کرو گے، تو تم کو بادشاہ و فقیر یکساں نظر آئیں گے تم بادشاہ کے آگے کیوں سر جھکاتے ہو، طمع چھوڑ دو، تم خود بادشاہ ہو، جو شخص طمع چھوڑ دے گا وہ اپنے آپ کو غلام اور خانہ زاد نہیں لکھ سکتا۔ نفسِ امارہ انسان کو ذلیل کرتا ہے۔ اگر تم کو عقل ہے تو نفس کی عزت کرو، تم کو زمین پر پڑ کر سو رہنا چاہیے، لیکن قالین کے لئے کسی کے آگے زمین نہیں چومنی چاہیے۔"

شیخ کی گلستاں کی طرح بوستاں کو بھی قبولِ عام حاصل ہوگیا اور گلستاں کی طرح بوستاں نے بھی رہتی دنیا تک دوام و خلود کا مرتبہ حاصل کرلیا۔ دنیا کی وہ کون متمدن زبان ہے جس میں بوستاں کا ترجمہ نہیں ہوا اور دنیا کا وہ کون مہذب خطہ ہے جو گلستاں کے ساتھ بوستاں پر حیرت و استعجاب سے سر نہیں دُھن رہا ہے۔ شیخ کے کمالات، اس کی معجزانہ جادو بیانی، اس کی بلند و برتر شاعری، غزل، اخلاقی تعلیم، حکیمانہ موشگافیوں میں اُس کے فن پر گفتگو کرنا سچ مچ سورج کو چراغ دکھانا ہے۔

یہاں اس دیباچے کے مختصر صفحوں نے مجالِ کلام کا دائرہ محدود کردیا ہے۔ شیخ کی سوانح اور علمی فضائل و کمالات سے واقفیت پیدا کرنے والوں کو مولانا حالی کی "حیاتِ سعدی" اور مولانا شبلی کی "شعر العجم" پڑھنا چاہیے۔

سجاد حسین

صدر مدرس مدرسہ عالیہ فتح پوری دہلی



مختصر سوانح شیخ سعدیؒ

معراج محمد

آپ کا نام شرف الدین، لقب مُصلح الدین اور تخلص سعدی ہے جو کہ آپ نے بادشاہِ شیراز اتابک سعد زنگی کے نام کی نسبت سے اختیار کیا۔ اسی کے ہاں آپ کے والد عبداللہ شیرازی ملازم تھے۔ آپ کے سنِ ولادت میں اختلاف ہے، بعض ۵۸۹ھ ۱۲۲۳ء بیان کرتے ہیں اور بعض اس سے بہت پہلے ۵۷۱ھ قرار دیتے ہیں۔

شیخ کے والد متشرع اور خدا ترس انسان تھے، اور گھر میں دینداری کا ماحول تھا۔ لہٰذا بچپن ہی سے انہیں روزہ نماز کے مسائل یاد کرا دیئے گئے تھے اور ابتدائے عمر سے ہی ان میں عبادت، شب بیداری اور تلاوتِ کلام پاک کا شوق پیدا ہو گیا تھا۔ والد نے ان کی اخلاقی تربیت میں بھی کوئی کسر اٹھا نہ رکھی، لیکن شیخ کی بعض تحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کمسنی میں ہی یتیم ہو گئے تھے اور اس کے بعد ان کی والدہ نے ان کی تربیت کی جو شیخ کی جوانی تک زندہ رہیں۔

شیراز اس زمانہ میں ایک اہم علمی مرکز تھا اور اس کے علمی ماحول نے شیخ کے دل میں تحصیلِ علم کا شوق پیدا کر دیا تھا۔ چنانچہ انہوں نے ابتدائی تعلیم وہیں پائی، لیکن اب وہ علاقہ سیاسی ابتری کا شکار ہو گیا تھا۔ لہٰذا انہوں نے اعلیٰ تعلیم بغداد جا کر مدرسہ نظامیہ میں حاصل کی۔ اسکے علاوہ وہاں کے مقتدر علماء مثلاً علامہ ابوالفرج ابن الجوزیؒ وغیرہ سے بھی کسبِ فیض کیا، اور تصوف و سلوک میں شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کے مرید ہوئے۔

تذکرہ نویسوں نے ان کی عمر کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے تیس برس تحصیل علم کی اور تیس برس مختلف ممالک کی سیاحت کی، اور بقیہ عمر بیٹھ کر جمعیتِ خاطر اور یادِ الٰہی کا لطف حاصل کیا۔

تحصیلِ علم سے فارغ ہو کر شیخ نے درویشی اختیار کی اور میدانِ سیاحت میں قدم رکھا تاکہ دنیا و اہلِ دنیا کا مشاہدہ و مطالعہ کیا جائے، اور جو کچھ کتابوں میں پڑھا ہے اس کا تجربہ حاصل کیا جائے۔ چنانچہ مدت تک شام اور بیت المقدس کے جنگلوں میں رہے۔ صعوبتیں جھیل کر لمبے لمبے سفر کئے، چودہ حج کئے جن میں دس پاپیادہ تھے، ملک ملک کی سیر کی حتیٰ کہ ہندوستان بھی آئے۔

طویل سیاحت کے بعد شیخ سعدیؒ بڑھاپے میں وطن واپس آئے جہاں اب نئے بادشاہ قتلغ خاں ابوبکر بن سعد بن زنگی (۶۲۳۔ ۵۸ھ) نے امن و امان قائم کر لیا تھا۔ یہ بادشاہ اور اس کا بیٹا شہزادہ سعد بن ابی بکرؒ "بوستاں" و "گلستاں" میں شیخ کے ممدوح ہیں لیکن شیخ سعدی عام شاعروں کی طرح صرف دعا و ثنا پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ ساتھ ساتھ کچھ وعظ و نصیحت بھی کرتے جاتے ہیں، اسی لیے سرکاری درباروں میں ان کی خاطر خواہ پذیرائی نہیں ہوتی تھی لیکن وہ نوجوانی سے ہی اپنے کلام و شاعری کی بدولت عوام اور ذی علم حلقوں میں مقبول و مشہور تھے اور عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے

شیراز واپس آکر شیخ نے شہر سے تین میل دور مقامِ دلکشا سے کچھ فاصلہ پر پہاڑ کے دامن میں ایک خانقاہ بنوائی اور بقیہ عمر وہیں خلوت گزیں ہو کر گزاری۔ معتقدین وہیں حاضر ہو کر ملاقات کرتے۔ بالآخر آپ اسی خانقاہ میں جو اب سعدیہ کہلاتی ہے تقریباً ۱۲۰ برس کی عمر میں ۶۹۱ھ میں راہگرائے عالمِ بقا ہوئے۔ لفظ خاص سے تاریخ وفات نکلتی ہے۔

شیخ سعدیؒ نے "بوستاں" بغداد کی تباہی سے ایک سال قبل ۶۵۵ھ میں نظم کی ہے اور "گلستاں" ۶۵۶ھ میں تصنیف کی ہے۔ ان کے علاوہ بہت سے قصائد و غزلیات بھی یادگار چھوڑے ہیں۔ ان کی کلیات تقریباً ۲۰ ہزار ابیات پر مشتمل ہے لیکن متذکرہ بالا دو تصانیف یعنی "بوستاں" و "گلستاں" اپنے پیرایۂ بیان و طرزِ ادا، فصاحت و بلاغت، روانی و زیبائی، دلربائی و جادو بیانی اور حکمت و معرفت میں ایسی ہیں کہ نہ صرف فارسی زبان بلکہ کسی اور زبان میں بھی ان کی نظیر نہیں ملتی۔ یہی وجہ ہے کہ اگرچہ ان کو تصنیف کئے ہوئے ساڑھے سات سو برس گزر چکے ہیں لیکن یہ آج بھی اسی طرح تعلیم یافتہ لوگوں میں مقبول اور طلبہ و مدارس میں متداول چلی آرہی ہیں اور دنیا کی بہت سی زبانوں میں انکے ترجمے ہو چکے ہیں اور امید ہے کہ ان دونوں کی خوشبو دنیا میں تادیر اسی طرح مہکتی رہے گی۔



فہرستِ ابواب و حکایاتِ "بوستان"

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بنامِ[1] جہاندار جاں آفریں
حکیم سخن در زباں آفریں

خداوندِ بخشندۂ دستگیر
کریم خطا بخش پوزش پذیر

عزیزے کہ ہر کز درش سر بتافت
بہر در کہ شد ہیچ عزت نیافت

سرِ پادشاہانِ گردن فراز
بدرگاہِ او بر زمینِ نیاز

نہ گردن کشاں را بگیرد بفور
نہ عذر آوراں[2] را براند بجور

وگر خشم گیرد بکردارِ زشت
چو باز آمدی ماجرا در نوشت

اگر با پدر جنگ جوید کسے
پدر بیگماں خشم گیرد بسے

وگر خویش راضی نباشد ز خویش
چو بیگانگانش براند ز پیش

وگر بندہ چابک نیاید بکار
عزیزش ندارد خداوندگار[3]

وگر بر رفیقاں نباشد شفیق
بفرسنگ بگریزد از وے رفیق

وگر ترکِ خدمت کند لشکری
شود شاہِ لشکر کش از وے بری

ولیکن خداوندِ بالا و پست
بعصیاں درِ رزق بر کس نہ بست

دوکونش[4] یکے قطرہ در بحرِ علم
گنہ بیند و پردہ پوشد بحلم

۱ بنام - یہ شعر بسملہ کے قائم مقام ہے - جہاں - گیہاں کا معرب ہے - حکیم - یعنی وہ حکیم جس نے زبان کو قوت گویائی بخشی - خداوند - مالک - دستگیر - مددگار - پوزش بوزن سوزش عذر - عزیزے - یعنی جو عزت والا خدا کے دربار سے منہ موڑیگا اس کو کسی جگہ عزت نصیب نہ ہوگی - گردن فراز یعنی باقدر - نیاز - عاجزی - گردن کشاں - متکبر - بفور - فوراً - ۲ عذر آوراں توبہ کرنے والے - جور - ظلم - خشم - غصہ - زشت - بد - ماجرا - گذشتہ - درنوشت - یعنی معاف کردیتا ہے - کسے - یعنی بیٹا - بسے - بہت - خویش - رشتہ دار - بیگانگاں - غیر - بندہ - خادم - چابک - چست - عزیز - عزت والا - ۳ خداوندگار - آقا - رفیقاں - دوست - شفیق - مہربان - فرسنگ - تین میل - لشکری - سپاہی - لشکرکش - سپہ سالار - بالا و پست - یعنی آسمان و زمین - عصیاں - نافرمانی - ۴ دوکون - دو جہاں - بحر - سمندر - حلم - بردباری -

ل ادیم زمین ۔ روئے زمین ۔ خوانِ یغما ۔ وہ دسترخوان جس پر ہر شخص کو کھانے کی اجازت ہو ۔ جفاپیشہ ۔ ظالم ۔ قہر ۔ عذاب ۔ امان بچاؤ ۔ ضد و جنس ۔ یعنی نہ اللہ جیسا نہ اس کے مقابلہ کا ۔ پرستار ۔ عبادت گذار ۔ امر ۔ حکم پہن ۔ چوڑا ۔ سیمرغ ۔ ایک فرضی جانور ہے گویا اس کے پروں میں تیس پرندوں کے سے رنگ ہیں ۔ قاف ۔ نام پہاڑ ۔ قسمت ۔ نصیبہ ۔ لطیف مہربان ۔ مدارا ۔ دارندہ کبریا ۔ بڑائی ۔ منی ۔ خودی غنی ۔ بے نیاز ۔ اندر ۔ زیادہ ہے ۔ تخت ۔ یعنی تخت شاہی ۔ سعادت نیک بختی ۔ گلیم ۔ گدڑی ۔ ٢ شقاوت ۔ بدبختی ۔ بر ۔ تن گلستاں ۔ باغ ۔ خلیل ۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ ۔ گرو ہے ۔ یعنی فرعون کے لشکری جو حضرت موسیٰ کے تعاقب میں دریائے نیل میں گھسے تھے ۔ آن ۔ یعنی گلستاں منشور ۔ فرمان ۔ این ۔ یعنی آگ میں داخل کر دینا توقیع ۔ سزا کے حکمنامہ کی مہر ۔ آلای ۔ نعمتیں ۔

ادیمِ زمیں سفرۂ عامِ اوست ۔ چہ دشمن بریں خوانِ یغما چہ دوست

اگر بر جفا پیشہ بشتافتے ۔ کہ از دستِ قہرش اماں یافتے

بری ذاتش از تہمتِ ضد و جنس ۔ غنی مُلکش از طاعتِ جن و انس

پرستارِ امرش ہمہ چیز و کس ۔ بنی آدم و مرغ و مور و مگس

چناں پہن خوانِ کرم گسترد ۔ کہ سیمرغ در قاف قسمت خورد

لطیفِ کرم گسترِ کارساز ۔ کہ دارائے خلقست دانائے راز

مر او را رسد کبریا و منی ۔ کہ ملکش قدیمست و ذاتش غنی

یکے را بسر بر نہد تاجِ بخت ۔ یکے را بخاک اندر آرد ز تخت

کلاہِ سعادت یکے بر سرش ۔ گلیمِ شقاوت یکے در برش

گلستاں کند آتشے بر خلیل ۔ گروہے بر آتش برد ز آبِ نیل

گر آنست منشورِ احسانِ اوست ۔ ور اینست توقیعِ فرمانِ اوست

پسِ پردہ بیند عملہائے بد ۔ ہمو پردہ پوشد بآلائے خود

بتہدید اگر بر کشد تیغِ حکم ۔ بمانند کرّو بیاں صُمّ و بُکم

وگر در دہد یک صلائے کرم ۔ عزازیل گوید نصیبے برم

بدرگاہِ لطف و بزرگیش بر ۔ بزرگاں نہادہ بزرگی ز سر

فروماندگاں را برحمت قریب ۔ تضرّع کناں را بدعوت مجیب

براحوالِ نابودہ علمش بصیر ۔ باسرارِ ناگفتہ لطفش خبیر

بقدرت نگہدارِ بالا و شیب ۔ خداوندِ دیواں روزِ حسیب

نہ مستغنی از طاعتش پشتِ کس ۔ نہ بر حرف او جائے انگشتِ کس

تہدید ۔ دھمکی ۔ کرّو بیاں ۔ ملائکہ کی وہ جماعت جنکا تدبیر دنیا سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ ٣ صُمّ ۔ بہرے ۔ بکم ۔ گونگے ۔ صلا ۔ صدا ۔ عزازیل شیطان ۔ نصیب ۔ حصہ ۔ ب و بر ۔ جب یکجا استعمال ہوں تو اوّل یا دوم کو زائد قرار دیا جائیگا ۔ بزرگان ۔ یعنی بڑے لوگ بھی فروتنی اختیار کرتے ہیں ۔ تضرع ۔ عاجزی ۔ مجیب ۔ قبول کرنیوالا ۔ نابودہ ۔ جنکا دنیا میں وجود نہیں ہے ۔ لطف ۔ باریک بینی ۔ شیب ۔ نشیب کا مخفف ہے

سلہ نقشبند - یعنی رحم مادر میں بچے کے نقوش بنانیوالا - گیتی - دنیا - ستوہ - رنج وملال - فروکوفت - گاڑدی - کہ - کدام

قدیمے نکوکار نیکی پسند ۔ بکلک قضا در رحم نقشبند ۱
رواں کرد وگسترد گیتی برآب ۔ زمشرق بمغرب مہ وآفتاب
زمیں از تب لرزہ آمد ستوہ ۔ فرو کوفت بر دامنش میخ کوہ
دہد نطفہ را صورتے چوں پری ۔ کہ کردست برآب صورت گری
نہد لعل و فیروزہ در صلب سنگ ۔ گل لعل در شاخ پیروزہ رنگ
ز ابر افگند قطرۂ سوئے یم ۔ ز صلب آورد نطفۂ در شکم
ازاں قطرہ لولوئے لالا کند ۔ وزیں صورتے سرو بالا کند
برو علم یک ذرہ پوشیدہ نیست ۔ کہ پیدا و پنہاں بہ نزدش یکیست
مہیا کن روزئے مار و مور ۔ وگرچند بیدست وپا اند و زور
بامرش وجود از عدم نقش بست ۲ ۔ کہ داند جز او کردن از نیست ہست
دگرہ بکتم عدم در برد ۔ وزانجا بصحرائے محشر برد
جہاں متفق بر الٰہیتش ۔ فرو ماند در کنہ ماہیتش
بشر ماورائے جلالش نیافت ۔ بصر منتہائے جمالش نیافت
نہ بر اوج ذاتش پرد مرغ وہم ۔ نہ در ذیل وصفش رسد دست فہم
دریں ورطہ کشتی فرو شد ہزار ۔ کہ پیدا نشد تختۂ برکنار
چہ شبہا ۳ نشستم دریں سیر گم ۔ کہ دہشت گرفت آستینم کہ قم
محیط است علم ملک بر بسیط ۔ قیاس تو بروے نگردد محیط
نہ ادراک در کنہ ذاتش رسد ۔ نہ فکرت بغور صفاتش رسد
تواں در بلاغت بسحباں رسید ۔ نہ در کنہ بیچون سبحاں رسید

صورتگری - نقاشی - صلب سخت - گل لعل - یعنی لعل کے رنگ کا پھول فیروزہ رنگ شاخ میں پیدا فرما دیتا ہے - یم - سمندر - صلب - پشت - ازاں - یعنی وہ قطرہ جو سمندر میں گرتا ہے - لالا - روشن - وزیں - یعنی وہ قطرہ جو شکم مادر میں جاتا ہے - مار - سانپ - مور - چیونٹی - وگر - یعنی اگرچہ سانپ بے دست و پا ہے اور چیونٹی بے زور ہے - سلہ نقش بست - پیدا ہوا - دگرہ - یعنی انسان موجود ہونیکے بعد پھر معدوم ہوجاتا ہے اور پھر اس کو میدان حشر میں حاضر ہونا ہے - الٰہیت - خدائی - کنہ - حقیقت - جلالش - یعنی اللہ کی جلالی صفات

جمالش - اللہ کی جمالی صفات - اوج - بلندی - ذیل - دامن - ورطہ - بھنور - سلہ چہ شبہا - بہت سی راتیں - قم - کھڑا ہو - محیط است - یعنی دہشت نے کہا - ملک - خدا - بسیط - زمیں یا مجردات - ادراک - علم - کنہ - حقیقت - غور - گہرائی - سحبان - عرب کا مشہور فصیح - بیچوں - بیمثال - سبحان - پاک ذات -

که خاصاں دریں ره فرس رانده اند	بلا احصی از تگ فرو مانده اند
نه هر جائے مرکب تواں تاختن	که جاها سپر باید انداختن
وگر سالکے محرم راز گشت	به بندند بروے در بازگشت
کسے را دریں بزم ساغر دهند	که داروئے بیهوشیش در دهند
یکے باز را دیده بر دوخته است	یکے دیده ها باز و پر سوخته است
کسے ره سوئے گنجِ قاروں نبرد	وگر برد ره باز بیروں نبرد
بمردم دریں موجِ دریائے خوں	کزو کس نبرده ست کشتی بروں
اگر طالبی کیں زمیں طے کنم	نخست اسپ باز آمدن پے کنم
تامل در آئینهٔ دل کنی	صفائی بتدریج حاصل کنی
مگر بوی از عشق مستت کند	طلبگار عهدِ الست کند
به پائے طلب ره بدینجا بری	وزینجا ببالِ محبت پری
بدرد یقیں پرده هائے خیال	نماند سرا پرده الا جلال
وگر مرکبِ عقل را پویه نیست	عنانش بگیرد تحیر که ایست
دریں بحر جز مردِ داعی نرفت	گم آں شد که دنبالِ راعی نرفت
کسانے که زیں راه برگشته اند	برفتند بسیار و سرگشته اند
خلافِ پیمبر کسے راه گزید	که هرگز بمنزل نخواهد رسید
مپندار سعدی که راهِ صفا	تواں رفت جز بر پئے مصطفیٰ

در نعت سرورِ کائنات علیه افضل الصلوات

کریم السجایا جمیل الشیم	نبی البرایا شفیع الامم

۱؎ خاصان۔ انبیاء، اولیاء۔ بلا احصی یعنی ان کو بھی کہنا پڑا ہے کہ اے خدا ہم تیری تعریف تیری شایانِ شان نہیں کرسکتے۔ مرکب سواری۔ سپر انداختن۔ عاجز ہوجانا۔ سالک۔ ولی۔ درِ بازگشت۔ واپسی کا دروازہ۔ ساغر یعنی شراب معرفت کا جام۔ دارو۔ دوا۔ باز یعنی وہ ولی جس کو ابھی تک نورِ معرفت حاصل نہیں ہوا۔ دیدہا باز۔ کھلی ہوئی آنکھیں گنجِ قارون یعنی معرفتِ خداوندی کا خزانہ۔ وگر بردہ یعنی معرفتِ خداوندی حاصل ہوگئی۔ بحرِ خون یعنی دریائے عشق۔ کشتی۔ یعنی سفینۂ عقل۔ ایں زمیں۔ یعنی میدانِ معرفت۔ اسپ را پے کردن۔ گھوڑے کے پیر کاٹنا تاکہ وہ رفتار کے قابل نہ رہے۔ تامل۔ غور و فکر۔ ۲؎ عہدِ الست۔ وہ پیمان جو خدا نے ازل میں بندگی کا لیا تھا۔ بدیں جا یعنی مرتبۂ عشق۔ یقین یعنی ذات و صفات کا۔ سراپردہ۔ خیمہ کے دروازے کا پردہ۔ مرکب۔ سواری۔ تحیر۔ راہِ سلوک کا ایک ایسا مرتبہ ہے جس میں سالک گم ہوکر رہ جا
داعی یعنی پیغمبرِ خدا۔ راعی یعنی پیغمبرِ خدا۔ زیں راہ یعنی آنحضورؐ کا اتباع۔ منزل۔ مقصود۔ راہِ صفا۔ نجات کا راستہ۔ پے قد
کریم السجایا۔ آنحضور شریفانہ عادتوں والے پسندیدہ خصلتوں والے ہیں۔ تمام دنیا کے لئے نبی اور امتوں کی سفارش کرنے والے ہی

۱۰

ے ہبط۔ اترنے کی جگہ۔ خواجہ۔ سردار۔ بعث ونشر۔ قیامت۔ کلیمے یعنی آپ معراج میں خدا سے ہمکلام ہوتے۔ ہمہ نورہا یعنی تمام کائنات آنحضورؐ کے نور سے پیدا ہوئی ہے۔ ناکردہ قرآن درست۔ یعنی آپ نے کسی مکتب میں الف با تا بھی نہیں پڑھی۔

امامِ رُسُل پیشوائے سبیل — امینِ خدا مہبطِ جبرئیل
شفیعُ الوریٰ خواجۂ بعث ونشر — امام الہدیٰ صدرِ دیوانِ حشر
کلیمے کہ چرخِ فلک طورِ اوست — ہمہ نورہا پرتوِ نورِ اوست
یتیمے کہ ناکردہ قرآں درست — کتب خانہ چند ملّت بشست
چو عزمش برآہیخت شمشیرِ بیم — بمعجز میانِ قمر زد دو نیم
چو صیتش در افواہِ دنیا فتاد — تزلزل در ایوانِ کسریٰ فتاد
بلا قامتِ لات بشکست خُرد — باعزازِ دیں آبِ عزّیٰ ببرد
نہ از لات و عزّیٰ برآورد گرد — کہ توریت و انجیل منسوخ کرد
شبے برنشست از فلک برگذشت — بتمکین و جاہ از ملک درگذشت
چناں گرم در تیہِ قربت براند — کہ در سدرہ جبریل ازو باز ماند
بدو گفت سالارِ بیت الحرام — کہ اے حاملِ وحی برتر خرام
چو در دوستی مخلصم یافتی — عنانم ز صحبت چرا تافتی
بگفتا فراتر مجالم نماند — بماندم کہ نیروئے بالم نماند
اگر یک سرِ موئے برتر پرم — فروغِ تجلّی بسوزد پرم
نماند بعصیاں کسے در گرو — کہ دارد چنیں سیّدِ پیشرو
چہ نعتِ پسندیدہ گویم ترا — علیک السلام اے نبیِّ الوریٰ
درودِ ملک بر روانِ تو باد — بر اصحاب و بر پیروانِ تو باد
نخستیں ابوبکرِ پیرِ مُرید — عمر پنجہ برپیچ دیوِ مَرید
خردمند عثمانِ شب زندہ دار — چہارم علی شاہِ دُلدل سوار

پھر بھی اللہ نے آپ کو وہ علم دیا جس نے پہلے تمام مذہبی علوم منسوخ کردیئے۔ عزم۔ ارادہ۔ بمعجز۔ شق القمر کے معجزہ کی طرف اشارہ ہے۔ صیت۔ شہرہ۔ افواہ فوہ کی جمع منہ۔ تزلزل۔ آنحضورؐ کی پیدائش کے روز کسریٰ کے قلعہ کے کنگرے زلزلہ سے گرگئے تھے۔ بلا۔ یعنی لاالٰہ الّا اللہ کے ذریعہ۔

۱۰

ے بشکست خرد۔ یعنی ریزہ ریزہ کردیا۔ آب۔ رونق۔ لات و عزیٰ عرب کے مشہور بُت تھے۔ نہ۔ یعنی نہ کہ صرف۔ گرد برآوردن۔ ڈھادینا۔ کہ۔ بلکہ۔ شبے۔ یعنی شب معراج۔ تمکین وجاہ۔ مرتبہ۔ ملک۔ یعنی حضرت جبرئیل بھی ساتھ نہ دے سکے۔ سالار بیت الحرام۔ آنحضور۔ حاملِ وحی۔ حضرت جبرئیل۔ تیہ۔ میدان۔ سدرہ۔ یعنی سدرۃ المنتہیٰ۔ عنان از صحبت تافتن۔ ساتھ چھوڑ دینا۔ نیرو۔ طاقت۔ گرو۔ یعنی جہنم کی قید۔ ترا۔ یعنی نبی کریم۔ الوریٰ۔ مخلوق۔ ملک۔ فرشتہ۔ رواں۔ روح۔ پیر۔ حضرت ابوبکر بڑھاپے میں اسلام لائے۔ عمر۔ حدیث میں ہے عمر کے سایہ سے بھی شیطان بھاگتا ہے۔ مَرید۔

سلہ نبی فاطمہ حسنین کی اولاد۔ قول ایمان۔ کلمہ طیبہ۔ اگر یعنی تو میری دعا قبول فرمائے یا نہ فرمائے تجھے اختیار ہے میں

خدایا بحق بنی فاطمہ — کہ بر قولِ ایماں کنم خاتمہ
اگر دعوتم رد کنی ور قبول — من و دست و دامانِ آلِ رسول
چہ کم گردد اے صدرِ فرخندہ پے — ز قدرِ رفیعت بدرگاہِ حے
کہ باشند مشتے گدایانِ خیل — بمہمان دار السلامت طفیل
خدایت ثنا گفت و تبجیل کرد — زمیں بوس قدر تو جبریل کرد
بلند آسماں پیشِ قدرت خجل — تو مخلوق و آدم ہنوز آب و گل
تو اصلِ وجود آمدی از نخست — دگر ہرچہ موجود شد فرع تست
ندانم کدامیں سخن گویمت — کہ والاتری زانچہ من گویمت
ترا عزِّ لولاک تمکیں بس ست — ثنائے تو طٰہٰ و یٰس بس ست
چہ وصفت کند سعدئے ناتمام — علیک الصلوٰۃ اے نبی والسلام

سببِ نظمِ کتاب

در اقصائے عالم بگشتم بسے — بسر بردم ایام باہر کسے
تمتع زہر گوشۂ یافتم — زہر خرمنے خوشۂ یافتم
چو پاکانِ شیراز خاکی نہاد — ندیدم کہ رحمت براں خاک باد
تولائے مردانِ ایں پاک بوم — برانگیختم خاطر از شام و روم
دریغ آمدم زاں ہمہ بوستاں — تہیدست رفتن سوئے دوستاں
بدل گفتم از مصر قند آورند — برِ دوستاں ارمغانے برند
مرا گر تہی بود ازاں قند دست — سخنہائے شیریں تر از قند ہست

بہر حال آلِ رسول کا دامن نہ چھوڑونگا۔ پے خصلت حے۔ یعنی حی قیوم۔ دار السلامت بہشت۔ طفیل۔ طفیلی۔ تبجیل۔ تعظیم کرنا۔ زمیں بوس۔ بوسندۂ زمیں۔ قدر۔ مرتبہ۔ خجل۔ شرمندہ۔ تو مخلوق۔ حدیث میں ہے میں نبی تھا۔ اور آدم اس وقت مٹی کا پتلا تھے۔ سلہ تو اصل وجود۔ حدیث میں ہے سب سے پہلے اللہ نے میرا نور پیدا فرمایا۔ لولاک حدیث میں ہے اللہ نے آنحضور سے فرمایا اگر تو نہ ہوتا تو میں زمین و آسمان پیدا نہ کرتا۔ طٰہٰ و یٰسین۔ سورۃ طٰہٰ و یٰسین میں آنحضور کی تعریف ہے۔ اقصار۔ اطراف۔ بسر۔ یعنی بہت سی صحبتیں حاصل کیں۔ تمتع۔ نفع اندوزی۔ خرمن انبار۔ کہ رحمت۔ خدا اس سرزمین پر رحمت نازل فرمائے۔ تولا۔ دوستی۔ پاک بوم۔ یعنی شیراز۔ بوستان۔ یعنی شام و روم۔ مصر۔ قند مصری مشہور ہے۔ بر۔ نزدیک۔ ارمغان۔ تحفہ۔

سلہ مردم بصورت۔ ظاہر بین ارباب معنیٰ۔ یعنی باطن بین۔ کاخ۔ قلعہ مراد یہ کتاب ہے۔ دہ در۔ یعنی (اس

نہ قندے کہ مردم بصورت خورند | کہ اربابِ معنیٰ بکاغذ برند
چو ایں کاخِ دولت بپرداختم | برو دہ دَر از تربیت ساختم
یکے بابِ عدلست وتدبیر ورائے | نگہبانئ خلق وترسِ خدائے
دوم بابِ احساں نہادم اساس | کہ محسن کند فضلِ حق راسپاس
سوم بابِ عشقست ومستی وشور | نہ عشقے کہ بندند برخود بزور
چہارم تواضع رضا پنجمیں | ششم ذکرِ مردِ قناعت گزیں
بہفتم در از عالمِ تربیت | بہشتم در از شکر بر عافیت
نہم راہِ توبہ است وراہِ صواب | دہم در مناجات وختمِ کتاب
بروز ہمایون وسالِ سعید | بتاریخ فرخ میانِ دو عید
ز ششصد فزوں بود پنجاہ وپنج | کہ پُر دُر شد ایں نام بردار گنج
الا اے خردمند فرخندہ خوی | ہنرمند نشنیدہ ام عیب جوی
قبا گر حریرست وگر پرنیاں | بناچار حشوش بود درمیاں
تو گر پرنیانی بایذا مکوش | کرم کار فرما وحشوم بپوش
ننازم بسرمایۂ فضلِ خویش | بدریوزہ آوردہ ام دست پیش
شنیدم کہ در روز امید وبیم | بداں را بہ نیکاں ببخشد کریم
تو نیز ار بدے بینیم در سخن | بخلق جہاں آفریں کار کن
چو بیتے پسند آیدت از ہزار | بمردی کہ دست از تعنت بدار
ہمانا کہ در پارس انشاءِ من | چو مشک ست بے قیمت اندر ختن
چو بانگِ دُہل ہولم از دور بود | بعیبہ درم عیب مستور بود

کتاب کے دس باب ہیں اساس۔ بنیاد۔ کہ۔ تاکہ۔ سپاس۔ شکر گذاری عشق۔ محبت خداوندی مستی وشور۔ تصوف کا مقام حیرت۔ ختم کتاب۔ یعنی یہ بوستان ۶۵۵ھ ہجری میں جمعہ کے روز ذیقعدہ کے مہینہ میں ختم ہوئی۔ قبا گر۔ یعنی قبا خواہ کسی کپڑے کی ہو اس میں بھراؤ ہوتا ہے۔ پرنیاں۔ ایک قسم کا ریشمین کپڑا ہے۔ دریوزہ۔۔۔ گداگری۔ روز امید وبیم روز قیامت۔ خلق۔ اخلاق بمردی۔ تجھے اپنی آدمیت کی قسم۔ تعنت۔ عیب جوئی۔ ہمانا۔ یقیناً۔ چو مشک یعنی جس طرح ختن میں مشک بے قدر ہے اسی طرح میرا کلام پارس میں

عیبہ۔ گٹھری۔

لہ فلفل ہندوستان۔ سرخ مرچ ہندوستان کی پیداوار ہے۔ استخوان۔ یعنی چھوارہ کی گٹھلی۔ اتابک۔ استاد

گل آورد سعدی سوئے بوستاں	بشوخی و فلفل ہندوستاں
چو خرما بشیرینی اندودہ پوست	چو بازش کنی استخوانے درو ست

ذکرِ محامد اتابک ابوبکر بن سعد زنگی طاب ثراہ

مرا طبع زیں نوع خواہاں نبود	سرِ مدحتِ پادشاہاں نبود
ولے نظم کردم بنامِ فلاں	مگر باز گویند صاحبدلاں
کہ سعدی کہ گوئے بلاغت ربود	در ایامِ بوبکر بن سعد بود
سزد گر بدورش بنازم چناں	کہ سیّد بدورانِ نوشیرواں
جہاندارِ دیں پرورِ داد گر	نیامد چو بوبکر بعد از عمر
سرِ سرفرازان و تاجِ مہاں	بدورانِ عدلش بناز اے جہاں
گر از فتنہ آید کسے در پناہ	ندارد جز ایں کشور آرامگاہ
فطوبیٰ لِباب کبیتِ العتیق	حوالیہ من کلِ فجٍ عمیق،
ندیدم چنیں گنج و ملک و سریر	کہ وقفست بر طفل و درویش و پیر
نیامد برش دردناکِ غمے	کہ ننہاد بر خاطرش مرہمے
طلبگارِ خیرست و امیدوار	خدایا امیدیکہ دارد بر آر
کلہ گوشہ بر آسمانِ بریں	ہنوز از تواضع سرش بر زمیں
زگردن فرازاں تواضع نکوست	گدا گر تواضع کند خوئے اوست
اگر زیر دستے بیفتد چہ خاست	زبردست افتادہ مردِ خداست
نہ ذکر جمیلش نہاں میرود	کہ صیتِ کرم در جہاں میرود

کہتے ہیں۔ سعد بن زنگی سنجر کا اتالیق تھا۔ مرا طبع زین نوع۔ یعنی مجھے اپنی اس کتاب میں بادشاہوں کی مدح سرائی منظور نہیں۔ صرف اس لئے بادشاہ کا ذکر کردیا ہے کہ بعد میں آنے والے کہہ سکیں کہ سعدی فلاں بادشاہ کے زمانہ میں تھا۔ کہ سید۔ آنحضورؐ نے نوشیرواں کے زمانہ میں اپنی ولادت پر فخر فرمایا ہے۔ چو بوبکر۔ مراد ابن سعد ہے لہ مہاں۔ بزرگ۔ اسے جہاں۔ یعنی اہل جہان۔ ایں کشور۔ یعنی ابوبکر کے ممالک محروسہ۔ فطوبیٰ۔ خوشحال وہ دروازہ جو خانہ کعبہ کیطرح ہے۔ جس کے اطراف میں لوگ دور و دراز راستہ سے

آتے ہیں۔ کہ وقفست۔ یعنی ہر شخص اس سے فائدہ اٹھاتا ہے۔ نیامد۔ وہ ہر دردمند کا غمگسار ہے۔ کلہ گوشہ۔ یعنی اگرچہ وہ بہت ہی بلند مرتبہ ہے پھر بھی متواضع ہے۔ زیردست۔ کمزور۔ بیفتد۔ تواضع کرے۔ صیت۔ شہرہ۔

چنوئے خردمند فرخ نہاد — ندارد[1] جہاں تا جہانست یاد

نہ بینی در ایامِ او رنجۂ — کہ نالد زبیدادِ سرپنجۂ

کس ایں رسم و ترتیب و آئیں ندید — فریدون باآں شکوہ ایں ندید

ازاں پیش حق پایگاہش تو بیست — کہ دستِ ضعیفاں بجاہش قویست

چناں سایہ گسترد بر عالمے — کہ زالے نیندیشد از رستمے

ہمہ وقت مردم زجورِ زماں — بنالند واز گردشِ آسماں،

در ایامِ عدلِ تو اے شہریار — ندارد شکایت کس از روزگار

بعہدِ تو می بینم آرامِ خلق — پس از تو ندانم سر انجامِ خلق

ہم از بختِ فرخندہ فرجامِ تست — کہ تاریخ سعدی در ایامِ تست

کہ تا بر فلک ماہ و خورشید ہست — دریں دفترت ذکر جاوید ہست

ملوک ار نکونامی اندوختند — زپیشینگاں سیرت آموختند

تو در سیرتِ پادشاہیِ خویش — سبق بردی از پادشاہانِ پیش،

سکندر بدیوارِ روئین[2] و سنگ — بکرد از جہاں راہِ یاجوج تنگ

ترا سدِ یاجوجِ کفر از زرست — نہ روئیں چو دیوار اسکندرست

زباں آورے کاندریں امن وداد — سپاس نگوید زبانش مباد

زہے بحرِ بخشایش و کانِ جود — کہ مستظہرند از وجودت وجود

بروں بینم اوصافِ شاہ از حساب — نگنجد دریں تنگ میداں کتاب

گر آں جملہ را سعدی املا کند — مگر دفترے دیگر انشا کند

فرو ماندم از شکرِ چندیں کرم — ہماں بہ کہ دستِ دعا گسترم

---

[1] ندارد۔ یعنی ازل سے اُس جیسا کوئی پیدا نہیں ہوا۔ سرپنجہ۔ ظالم۔ فریدون۔ مشہور کہانی بادشاہ ہے۔

پائگاہ۔ مرتبہ۔ جاہ۔ مرتبہ۔ زالے۔ یعنی کمزور کو قوی کا ڈر نہیں ہے۔ شہریار۔ بادشاہ۔ ہم از بخت۔ یعنی تیری نیک بختی ہے کہ سعدی جیسا تیرے زمانہ میں پیدا ہوا۔ تا بر فلک۔ یعنی قیامت تک۔ آموختند۔ یعنی خوبیاں اُنکی ذاتی نہ تھیں۔ پادشاہاں پیش۔ ترکستان کے بادشاہ جو کہ اکثر ظالم تھے [2] روئیں۔ تانبہ یاجوج۔ ایک مفسد قوم تھی جس کی روک کے لئے سکندر نے سد بنائی تھی۔ از زرست چنگیز کی فوج کو روپیہ دے کر ملک کو تباہی سے بچالیا زباں آور۔ فصیح آدمی از وجودت۔ یعنی تمام موجودات کو تیری ذات سے قوت ہے۔ املاء۔ بول کر لکھانا۔

جہانت بکام و فلک یار باد	جہاں آفرینت نگہدار باد
بلند اخترت عالم افروختہ	زوال اخترِ دشمنت سوختہ
غم از گردشِ روزگارت مباد	وز اندیشہ بر دل غبارت مباد
کہ بر خاطرِ پادشاہاں سے ہمے	پریشاں کند خاطرِ عالمے
دل و کشورت جمع و معمور باد	ز ملکت پراگندگی دور باد
تنت باد پیوستہ چوں دیں درست	بد اندیش را دل چو تدبیر سست
درونت بتائیدِ حق شاد باد	دل و دین و اقلیمت آباد باد
جہاں آفریں بر تو رحمت کناد	دگر ہرچہ گویم فسانست و باد
ہمینت بس از کردگارِ مجید	کہ توفیق خیرت بود بر مزید
نرفت از جہاں سعد زنگی بدرد	کہ چوں تو خلف نام بردار کرد
عجب نیست ایں فرع زاں اصل پاک	کہ جانش باوجست و جسمش بخاک
خدایا براں تربتِ نامدار	بفضلت کہ بارانِ رحمت ببار
گر از سعدِ زنگی مثل ماند و باد	فلک یاورِ سعدِ بوبکر باد

در مدح شاہزادۂ اسلام سعد بن ابی بکر بن سعد گوید

جوانِ جواں بخت روشن ضمیر	بدولت جوان و بتدبیر پیر
بدانش بزرگ و بہمّت بلند	ببازو دلیر و بدل ہوشمند
زہے دولتِ مادرِ روزگار	کہ رود ے چنیں پرورد درکنار
بدستِ کرم آبِ دریا ببرد	برفعت محلِّ ثریا ببرد

لہ کام۔ مقصد۔ وز اندیشہ۔ یعنی دل پر فکر کا غبار نہ پڑے ہم۔ غم۔ معمور۔ آباد۔ فسانہ۔ بے اصل کہانی۔ مزید۔ زیادتی۔ خلف۔ جانشین اوج۔ یعنی بہشت۔ بفضلت۔ تجھے اپنی بزرگی کی قسم۔ مثل۔ کہاوت۔ یاد۔ یادگاری۔ بتدبیر پیر۔ یعنی اس میں بوڑھوں کی سی تدبیر ہے۔ رود۔ یعنی فرزند۔ بدستِ کرم یعنی اس کی سخاوت کے مقابلہ میں دریا ہیچ ہو گیا

له چشمِ دولت۔ یعنی تمام بادشاہوں کی نگاہیں تجھ سے لگی ہیں۔

زہے چشمِ له دولت بروئے تو باز — ہمہ شہریارانِ گردن فراز
صدف را کہ بینی ز دُردانہ پر — نہ آں قدر دارد کہ یکدانہ دُر
تو آں دُرِّ مکنونِ یک دانۂ — کہ پیرایۂ سلطنت خانۂ
نگہدار یارب بچشمِ خودش — بپرہیز از آسیب چشمِ بدش
خدایا در آفاق نامی کنش — بتوفیقِ طاعت گرامی کنش
مقیمش در انصاف و تقویٰ بدار — مرادش بدنیا و عقبیٰ برار
غم از دشمنِ ناپسندت مباد — ز دورانِ گیتی گزندت مباد
بہشتی درخت آورد چوں تو بار — پسر نامجوی و پدر نامدار
ازاں خانداں خیر بیگانہ داں — کہ باشند بدگوئے اینخانداں
زہے له دین و دانش زہے عدل و داد — زہے ملک و دولت کہ پایندہ باد

باب اوّل در عدل و رای و تدبیر جہانداری

نگنجد کرمہائے حق در قیاس — چہ خدمت گزارد زبانِ سپاس
خدایا تو ایں شاہِ درویش دوست — کہ آسایشِ خلق در ظلِّ اوست
بسے بر سرِ خلق پایندہ دار — بتوفیقِ طاعت دِلش زندہ دار
برومند دار از درختِ امید — سرش سبز و رویش برحمت سفید
براہِ تکلُّف مرو سعدیا — اگر صدق داری بیار و بیا
تو منزل شناسی و شہ راہ رو — تو حق گوی و خسرو حقائق شنو
چہ حاجت کہ نہ کرسیِ آسماں — نہی زیر پائے قزل ارسلاں

صدف۔ سیپی۔ یکدانہ دُر۔ دریکتا۔ دُرِ مکنون۔ چھُپا ہوا موتی۔ پیرایہ آرایش۔ آسیب۔ صدمہ۔ آفاق۔ یعنی تمام جہان۔ گرامی۔ بزرگ۔ مقیم یعنی ثابت قدم۔ دوران۔ گردش بہشتی درخت۔ یعنی شجرِ طوبیٰ۔ خیر بیگانہ دان۔ یعنی اس خاندان کی خیریت نہیں جو اس خاندان کا بدخواہ ہو۔ له زہے۔ کلمۂ تحسین ہے۔ قیاس۔ اندازہ۔ سپاس۔ شکر۔ ظل۔ سایہ۔ برومند۔ کامیاب۔ سرش سبز۔ یعنی جوانی کی وجہ سے اس کے سر کے بال کالے رہیں۔ حقائق شنو۔ یعنی جبکہ ممدوح حقیقت آگاہ ہے تو ظہیر فاریابی

۱۰

کے بے اصل مبالغوں کی جو اس نے قزل ارسلان کی تعریف میں کئے ہیں۔ تجھے کیا ضرورت ہے۔

مگو پائے عزّت بر افلاک نہ ۔ بگو روئے اخلاص بر خاک نہ
بطاعت بنہ چہرہ بر آستاں ۔ کہ اینست سرجادۂ راستاں
اگر بندۂ سر بریں در بنہ ۔ کلاہِ خداوندی از سر بنہ
چو طاعت کنی لبس شاہی مپوش ۔ چو درویشِ مخلص برآور خروش
کہ پروردگارا توانگر توئی ۔ توانا، درویش پرور توئی
نہ کشور خدایم نہ فرماں دہم ۔ یکے از گدایانِ ایں در گہم
چہ برخیزد از دست و کردارِ من ۔ مگر دستِ لطفت شود یارِ من
تو بر خیر و نیکی دہم دسترس ۔ وگرنہ چہ خیر آید از من بکس
دعا کن بشب چوں گدایاں بسوز ۔ اگر میکنی پادشاہی بروز
کمر بستہ گردن کشاں بر درت ۔ تو بر آستانِ عبادت سرت
زہے بندگاں را خداوندگار ۔ خداوند را بندۂ حق گزار

حکایت

یکے دیدم از عرصۂ رودبار ۔ کہ پیش آمدم بر پلنگے سوار
چناں ہَول ازانحال برمن نشست ۔ کہ ترسیدنم پائے رفتن ببست
تبسّم کناں دست بر لب گرفت ۔ کہ سعدی مدار آنچہ دیدی شگفت
تو ہم گردن از حکم داور مپیچ ۔ کہ گردن نپیچد ز حکمِ تو ہیچ
چو خسرو بفرمانِ داور بود ۔ خدایش نگہبان و یاور بود
محالست چوں دوست دارد ترا ۔ کہ در دستِ دشمن گزارد ترا
رہ اینست رو از طریقت متاب ۔ بنہ گام و کامیکہ خواہی بیاب

لـ مگو۔ یعنی بادشاہ کو غرور کی تعلیم نہ دے۔ آستاں۔ درگاہِ خداوندی۔ لُبس۔ لباس مخلص بے ریا۔ کشور خدا۔ یعنی صاحب مُلک۔ چہ برخیزد۔ کیا ہو سکتا ہے۔ لطف۔ مہربانی۔ بسوز۔ یعنی سوز دل سے گردن کشاں۔ متکبر۔ زہے۔ یعنی وہی بادشاہ لائقِ تحسین ہے جو اپنے خادموں کا آقا اور اپنے آقا کا خادم بنا رہے۔ عرصہ۔ میدان۔ رودبار۔ قزوین و گیلان کے درمیان ایک شہر ہے۔ پلنگ، تیندوا۔ کہ۔ یعنی خوف کی وجہ سے پیر جم گئے۔

۱۰

لـ۲ شگفت۔ عجب۔ داور۔ خدا۔ یاور۔ مددگار۔ گام۔ قدم۔

نصیحت کسے سودمند آیدش	کہ گفتار سعدی پسند آیدش

پند دادن کسرے ہرمزرا

شنیدم کہ در وقتِ نزعِ رواں — بہرمز چنیں گفت نوشیں رواں

کہ خاطر نگہدارِ درویش باش — نہ در بندِ آسایشِ خویش باش

نیاساید اندر دیارِ تو کس — چو آسایشِ خویش خواہی و بس

نیاید بنزدیک دانا پسند — شباں خفتہ و گرگ در گوسفند

برو پاسِ درویش محتاج دار — کہ شاہ از رعیت بود تاجدار

رعیت چو بیخند و سلطاں درخت — درخت اے پسر باشد از بیخ سخت

مکن تا توانی دلِ خلق ریش — وگر میکنی میکنی بیخِ خویش

اگر جادۂ بایدت مستقیم — رہِ پارسایاں امیدست و بیم

گزندِ کسانش نیاید پسند — کہ ترسد کہ در ملکش آید گزند

وگر در سرشتِ وے ایں خوی نیست — دراں کشور آسودگی بوئے نیست

اگر پائے بندی رضا پیش گیر — وگر یکسوارہ سرِ خویش گیر

فراخی دراں مرز و کشور مخواہ — کہ دلتنگ بینی رعیت زشاہ

ز مستکبرانِ دلاور بترس — از آں کو نترسد ز داور بترس

وگر کشور آباد بیند بخواب — کہ دارد دلِ اہلِ کشور خراب

خرابی و بدنامی آید ز جور — بزرگاں رسند ایں سخن را بغور

رعیت نشاید بہ بیداد کشت — کہ مر سلطنت را پناہند و پشت

١ نزعِ رواں - جانکنی - دیار - ملک - شبان - چرواہا - پاس نگہداشت - ریش - زخم و زخمی - میکنی بیخ - اپنی جڑ اکھاڑیگا - مستقیم - سیدھا - رہِ پارسایاں - بزرگ اللہ سے خوف و امید کی حالت میں زندگی گذارتے ہیں - گزند - مصیبت - کساں - یعنی رعایا - کشور - ملک - اگر پائے بندی - یعنی اگر انسان صاحب حشم و خدم ہے تو اس کو سب کی رضامندی حاصل کرنی چاہئیے - اگر تنہا ہے تو اسے اپنا اختیار ہے - مرز - زمین - مستکبران دلاور - یعنی مغرور بہادروں سے سلطنت کے امور متعلق نہ کر - ٢ از آں کو - جو خدا سے نہ ڈریں اُن سے ڈرتا رہ - کشور آباد بیند بخواب - چونکہ تعبیر عموماً الٹی ہوتی ہے تو مطلب یہ ہوا کہ ملک کی تباہی وہ شخص دیکھیگا جو اہلِ ملک کو ناراض رکھیگا - کہ - برائے علت ہے - پشت - مددگار -

١٠

مراعاتِ دہقاں کن از بہرِ خویش	کہ مزدورِ خوشدل کند کار بیش
مروّت نباشد بدی با کسے	کز و نیکوئی دیدہ باشی بسے

پند دادن خسرو شیرویہ را

شنیدم کہ خسرو بشیرویہ گفت	دراں دم کہ چشمش ز دیدن بخفت
براں باش تا ہرچہ نیّت کنی	نظر در صلاحِ رعیّت کنی
مپیچ اے پسر گردن از عقل و رای	کہ مردم ز دستت نہ پیچند پای
گریزد رعیّت ز بیداد گر	کند نام زشتش بگیتی سمر
بسے بر نیاید کہ بنیادِ خود	بکند آنکہ بنہاد بنیادِ بد
خرابی کند شیر و شمشیر زن	نہ چندانکہ دودِ دلِ طفل و زن
چراغے کہ بیوہ زنے بر فروخت	بسے دیدہ باشی کہ شہرے بسوخت
وزاں بہرہ ورتر در آفاق کیست	کہ در ملک رانی بانصاف زیست
چو نوبت رسد زیں جہاں غربتش	ترحّم فرستند بر تربتش
بد و نیک مردم چو می بگذرند	ہماں بہ کہ نامت بہ نیکی برند
خدا ترس را بر رعیّت گمار	کہ معمارِ ملکست پرہیزگار
بد اندیشِ تست آن و خونخوارِ خلق	کہ نفعِ تو جوید در آزارِ خلق
ریاست بدستِ کسانے خطاست	کہ از دستِ شاں دستہا بر خداست
نکوکار پرور نہ بیند بدی	چو بد پروری خصمِ جانِ خودی
مکافاتِ دشمن بمالش مکن	کہ بیخش بر آوردہ باید زبن

خسرو۔ پرویز کے بیٹے کا نام ہے۔ شیرویہ۔ یعنی شیر کی مانند۔ کہ چشمش۔ یعنی مرتے وقت صلاح۔ بہبودی مپیچ۔ یعنی بے عقلی کے کام نہ کرنا۔ رعایا مطیع رہے گی۔ سمر۔ قصہ کہانی۔ بسے بر نیاید۔ زیادہ وقت نہیں گذرتا ؎ دود دل۔ بددعا۔ بر فروخت یعنی آہ وزاری کے ذریعہ۔ شہرے بسوخت ویران ہوگیا۔ بہرہ ور۔ نصیبہ ور۔ نوبت۔ باری ترحّم۔ دعائے رحمت۔ تربت۔ قبر۔ بد و نیک۔ یعنی جبکہ نیک و بد سب کو مرنا ہے تو بہتر یہی ہے کہ تیرا نام تیرے بعد نیکی سے لیا جائے معمار۔ آباد کرنے والا۔ بد اندیش۔ یعنی جو دوسروں کو ستا کر تیرا نفع چاہے وہ تیرا خیر خواہ نہیں ہے۔ دستہا بر خدا یعنی اس سے پناہ چاہنے کے لئے۔ خصم۔ دشمن۔ مکافات۔ بدلہ۔ بن۔ جڑ

۱۰

مکن صبر بر عاملِ ظلم دوست ۔۔۔ چه از فربهی بایدش کند پوست
لہ سرِ گرگ باید هم اوّل برید ۔۔۔ نه چوں گوسفندانِ مردم درید

حکایت

چه خوش گفت بازرگانِ اسیر ۔۔۔ چو گردش گرفتند دزداں به تیر
چو مردانگی آید از رہزناں ۔۔۔ چه مردانِ لشکر چه خیلِ زناں
شہنشه که بازرگاں را بخست ۔۔۔ درِ خیر بر شہر و لشکر ببست
کے آنجا دگر ہوشمنداں روند ۔۔۔ چو آوازۂ رسمِ بد بشنوند،
نکو بایدت نام و نیکی قبول ۔۔۔ نکو دار بازرگان و رسول
بزرگاں مسافر بجاں پرورند ۔۔۔ که نامِ نکوئی بعالم برند
تبه گردد آں مملکت عنقریب ۔۔۔ کزو خاطرِ آزرده آید غریب
غریب۲ آشنا باش و سیّاح دوست ۔۔۔ که سیّاح جلّابِ نامِ نکوست
نکو دار ضیف و مسافر عزیز ۔۔۔ وز آسیبِ شاں بر حذر باش نیز
ز بیگانه پرہیز کردن نکوست ۔۔۔ که دشمن تواں بود در زیِّ دوست
قدیمانِ خود را بیفزای قدر ۔۔۔ که ہرگز نیاید ز پرورده غدر
چو خدمت گزاریت گردد کہن ۔۔۔ حقِ سالیانش فرامش مکن
گر او را ہرم دستِ خدمت ببست ۔۔۔ ترا بر کرم ہمچناں دست ہست

حکایت

شنیدم که شاپور دم درکشید ۔۔۔ چو خسرو برسمش قلم درکشید
چو شد حالش از بینوائی تباه ۔۔۔ نبشت ایں حکایت بنزدیکِ شاه

لہ سرِ گرگ۔ یعنی بکریاں پھاڑنے سے پہلے ہی بھیڑیئے کو مار ڈالنا چاہیئے۔ بازرگان۔ تاجر۔ اسیر۔ قیدی۔ چه مردانِ لشکر یعنی سپاہی اور عورت برابر تو ایسے لشکر سے کیا فائدہ۔ خست۔ زخمی کیا۔ رسمِ بد۔ برا طور۔ نکو بایدت۔ یعنی جس بادشاہ کو نیک نام رہنا ہے اُسے تاجروں اور قاصدوں سے بہتر سلوک کرنا چاہیئے۔ کہ نامِ نکوئی۔ نیک نامی مسافروں کے ذریعہ پھیلتی ہے۔ ۲ غریب۔ مسافر۔ سیاح۔ مسافر۔ جلّاب۔ نقل کرنے والا۔ ضیف۔ مہمان۔ آسیب، تکلیف۔ حذر۔ بچاؤ۔ زیّ۔ لباس۔ قدیمان یعنی پرانے میل جول والے۔ غدر۔ دھوکا۔ سالیانہ۔ وہ تنخواہ جو سالانہ دی جائے۔ ہرم۔ بڑھاپا۔ کرم۔ مہربانی۔ شاپور۔ خسرو کا وزیر جس نے شیریں کو اس سے ملایا تھا

برسمش۔ یعنی ملازمت سے اُس کو برطرف کردیا۔ بینوائی۔ مفلسی۔

۱۵ آفاق گستر بعدل - ملک میں انصاف رکھنے والا - نماندم - یعنی میں کسی لائق نہ رہا تو کوئی مضائقہ نہیں -

کہ اے شاہِ آفاق گستر بعدل	اگر من نماندم تو مانی بفضل
چو بذلِ تو کردم جوانئے خویش	بہنگامِ پیری مرانم زپیش
غریبے کہ پر فتنہ باشد سرش	میازار و بیروں کن از کشورش
تو گر خشم بروے نرانی رواست	کہ خود خوئے بد دشمنش در قفاست
وگر پارسی باشدش زاد بوم	بصنعاش مفرست وسقلاب و روم
ہم آنجا امانش مدہ تا بچاشت	نشاید بلا بر دگر کس گماشت
کہ گویند برگشتہ باد آں زمیں	کزو مردم آیند بیروں چنیں،
عمل گر دہی مردِ منعم شناس	کہ مفلس ندارد زسلطاں ہراس
چو مفلس فرو بُرد گردن بدوش	ازو بر نیاید دگر جز خروش
چو مشرف دو دست از امانت بداشت	بباید برو ناظرے بر گماشت
ورا و نیز در ساخت با خاطرش	زمشرف عمل بر کن و ناظرش
خداترس باید امانت گزار	امیں کز تو ترسد امینش مدار
بیفشاں و بشمار و عاقل نشیں	کہ از صد یکے را نہ بینی امیں
دو ہمجنسِ دیرینہ را ہم قلم	نباید فرستاد یکجا بہم
چہ دانی کہ ہمدست کردند و یار	یکے دزد باشد یکے پردہ دار
چو دزداں زہم باک دارند و بیم	رود در میاں کاروانے سلیم
یکے را کہ معزول کردی زجاہ	چو چندے برآید بہ بخشش گناہ
برآوردن کامِ امیدوار	بہ از قید بندی شکستن ہزار
نویسندہ را گر ستونِ عمل	بیفتد نبُرّد طنابِ امل

بذل تو کردم - بڑے کاموں میں صرف کی - مرانم - مجھے نہ ہٹا - غریب - غیر ملکی - کشور - ملک - خشم نرانی - عتاب نازل نہ کرے - قفا - گدّھی - زاد بوم - یعنی بوم زاد - صنعاء - یمن کا دارالسلطنت - سقلاب - ترکستان کا ایک شہر ہے - بچاشت یعنی چاشت کے وقت تک بھی اس کو زندہ نہ چھوڑ - برگشتہ باد - برباد ہو - منعم - باآبرو - چو مفلس - اگر مفلس نے خیانت کی تو اُس سے کچھ وصول نہ ہو سکیگا - ناظر - نگراں - زمشرف - یعنی دونوں کو معزول کردے - عاقل نشیں - پھر بھی نگرانی رکھنا ۲ - ہم قلم - شریک کار -

ہمدست - ساتھی - چو دزداں یعنی جب چوروں میں باہمی اطمینان نہو تب ہی قافلہ بچ سکتا ہے - چندے برآید - کچھ دن گذرنے پر نویسندہ را - یعنی ماہر آدمی پر کام میں اعتماد کردے تاکہ اُسے غلطی کیوجہ سے امید قطع کرنیکی نوبت ہی نہ آئے -

۱ بفرمان بران۔ بادشاہ کو ماتحتوں کے ساتھ باپ کا سا برتاؤ رکھنا چاہیئے گہے میکند۔ کبھی آنسو پونچھتا ہے۔

بفرمان[1] بران بر شہِ دادگر — پدروار خشم آورد بر پسر
گہش میزند تا شود دردناک — گہے میکند آبش از دیدہ پاک
چو نرمی کنی خصم گردد دلیر — وگر خشم گیری شوند از تو سیر
درشتی و نرمی بہم در بہ ست — چو رگ زن کہ جرّاح و مرہم نہ ست
جوانمرد و خوش خلق و بخشندہ باش — چو حق بر تو باشد تو بر خلق پاش
چو یاد آیدت عہدِ شاہانِ پیش — ہمیں نقش برخواں پس از عہدِ خویش
نیامد کس اندر جہاں کو بماند — مگر آں کز و نامِ نیکو بماند
نمرد[2] آنکہ ماند پس از وے بجائے — پل و خانی و خوان و مہماں سرائے
ہر آنکو نماند از پسش یادگار — درختِ وجودش نیاورد بار
وگر رفت و ایثار و خیرش نماند — نشاید پس مرگش الحمد خواند
چو خواہی کہ نامت بود در جہاں — مکن نامِ نیکِ بزرگاں نہاں
ہمیں کام و ناز و طرب داشتند — بآخر برفتند و بگذاشتند
یکے نامِ نیکو ببرد از جہاں — یکے رسمِ بد ماند ازو جا[3]وداں
بسمعِ رضا مشنو ایذائے کس — وگر گفتہ آید بغورش برس
گنہگار را عذرِ نسیاں بنہ — چو زنہار خواہند زنہار دہ
گر آید گنہگارے اندر پناہ — نہ شرط ست کشتن باوّل گناہ
چو بارے بگفتند و نشنید پند — دگر گوشمالش بزندان و بند
وگر پند و بندش نیاید بکار — درختِ خبیث ست بیخش برآر
چو خشم آیدت بر گناہِ کسے — تامّل کنش در عقوبت بسے

شوند از تو سیر۔ سب کے دل بھر جائیں گے۔ رگ زن۔ فصد کھولنے والا۔ بر تو باشد۔ یعنی خدا جب تجھے نوازے۔ ہمیں نقش۔ یعنی تجھے بھی تیرے بعد نیکی یا بدی سے یاد کریں گے۔ مگر آں۔ یعنی جس کا نیک نام باقی ہے وہی زندہ جاوید ہے۔ ۲ نمرد آنکہ۔

١٠

یعنی جس کی کوئی اچھی یادگار باقی ہے وہ مردہ نہیں ہے درخت۔ یعنی وہ بے ثمر درخت کی طرح ہے۔ ایثار۔ دوسروں کے لئے قربانی کرنا۔ الحمد۔ فاتحہ۔ ہمیں۔ جس طرح تیرے لئے اسباب عیش مہیا ہیں۔ ۳ جاوداں۔ ہمیشہ۔ غور۔ گہرائی۔ نسیان۔ بھول۔ زنہار۔ توبہ۔ نہ شرط است۔ ضروری نہیں ہے۔ چو بارے۔ یعنی اوّل نصیحت پھر فضیحت نہ مانے تو پھر فنا۔ عقوبت۔ سزا

کہ سہلست لعلِ بدخشاں شکست	شکستہ نشاید دگربارہ بست

حکایت در تدبیر پادشاہاں وتاخیر کردن در سیاست

زدریائے عماں برآمد کسے
سفر کردہ ہامون ودریا بسے
عرب دیدہ وترک وتاجیک وروم
زہر جنس در نفسِ پاکش علوم
جہاں گشتہ ودانش اندوختہ
سفر کردہ وصحبت آموختہ
بہیکل قوی چوں تناور درخت
ولیکن فرو ماندہ بے برگ سخت
دو صد رقعہ بالائے ہم دوختہ
زحرّاق واو درمیاں سوختہ
بشہرے درآمد زدریا کنار
بزرگے دراں ناحیت شہریار
کہ طبعے نکونامی اندیش داشت
سرِ عجز برپائے درویش داشت
بشستند خدمتگزارانِ شاہ
سرو تن بحمامش ازگردِ راہ
چو بر آستانِ ملک برنہاد
نیایش کناں دست بربر نہاد
نرفتم دریں مملکت منزلے
کزآسیب آزردہ دیدم دلے
ندیدم کسے سرگراں ازشراب
مگر ہم خرابات دیدم خراب
ملک راہمیں ملک پیرایہ بس
کہ راضی نگرود بآزارِ کس
سخن گفت ودامانِ گوہر فشاند
بنطقے کہ شد آستیں برفشاند
پسند آمدش حسن گفتارِ مرد
بنزدِ خودش خواند واکرام کرد
زرش داد وگوہر بشکر قدوم
بپرسیدش ازگوہر وزاد بوم
بگفت آنچہ پرسیدش ازسرگذشت
بقربت زدیگرکساں درگذشت

سل۵ کہ سہلست۔ توڑنا آسان ہے جوڑنا مشکل ہے۔ عماں۔ مشہور سمندر ہے۔ ہامون۔ صحرا۔ تاجیک۔ عرب وروم کے علاوہ نسلیں۔ دانش۔ حکمت۔ ہیکل۔ جسم وصورت بے برگ۔ بے ساماں۔ رقعہ۔ پیوند۔ حراق۔ سوختنی کپڑا۔ شہریار۔ بادشاہ۔ عجز۔ عاجزی سل۱۰ سروتن بشستند کا مفعول ہے۔ نیایش۔ ستائش۔ بر۔ سینہ۔ آسیب۔ صدمہ۔ سرگراں۔ بدمست۔ خرابات۔ میخانہ۔ پیرایہ۔ آرایش۔ آستیں برفشاند۔ جھوم گیا۔ قدوم۔ تشریف آوری۔ گوہر۔ یعنی نسب۔ زادبوم۔ وطن۔ بگفت۔ یعنی اس خوبی سے جوابات دیئے کہ تقرب شاہی میں اس کا مرتبہ دوسروں سے بڑھ گیا۔

ملک با دلِ خویشتن رائے زد ^۱	کہ دستورِ ملک این چنینے سزد
ولیکن بتدریج تا انجمن	بسستی نخندند بر رائے من
بعقلش بباید نخست آزمود	بقدرِ ہنر پایگاہش فزود
بُرد بر دل از جورِ غم بارہا	کہ ناآزمودہ کند کارہا
چو قاضی بفکرت نویسد سجل	نگردد ز دستاربنداں خجل
نظر کن چو سوفار داری بشست	نہ آنگہ کہ پرتاب کردی ز دست
چو یُوسف کسے در صلاح و تمیز	بیکسال باید کہ گردد عزیز
بایام تا برنیاید بسے	نشاید رسیدن بغورِ کسے
ز ہر نوعِ اخلاقِ او کشف کرد ^۲	خردمند پاکیزہ دیں بود مرد
نکو سیرتش دید و روشن قیاس	سخن سنج و مقدارِ مردم شناس
برای از بزرگاں ہش دید بیش	نشاندش زبردستِ دستورِ خویش
چناں حکمت و معرفت کاربست	کہ در امر و نہیش دروے نخست ^۳
در آورد ملکے بزیرِ قلم	کز و بر وجودے نیامد الم
زبانِ ہمہ حرف گیراں ببست	کہ حرفے بدش برنیاید ز دست
حسودیکہ یک جو خیانت ندید	بکارش نیامد چو گندم طپید
ز روشن دلش ملک پرتو گرفت	وزیرِ کہن را غمِ نو گرفت
ندید آں خردمند را رخنۂ	کہ دروے تواند زدن طعنۂ
امین و بد اندیش طشت و مور	نشاید در و رخنہ کردن بزور
ملک را دو خورشید طلعت غلام	بسر بر کمر بستہ بودے مدام

۱ رائے زد۔ سوچا۔ دستور۔ وزیر۔ تدریج۔ رفتہ رفتہ۔ انجمن۔ مجلس۔ سستی۔ کمزوری۔ بقدرِ ہنر۔ اس کی قابلیت کے مطابق۔ اس کا مرتبہ ہونا چاہیئے۔ برد۔ یعنی جو آزمودہ کار کوئی کام کرتا ہے اُس کو بڑے مصائب کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سجل۔ دستاویز۔ دستاربندان۔ فضلاء۔ نظر کن یعنی تیر چلانے سے قبل غور کر لینا چاہیئے۔ چو یوسف۔ حضرت یوسف اپنی قابلیت کی وجہ سے ایک سال ہی میں عزیز مصر بن گئے تھے۔ غور۔ گہرائی۔ ۲ کشف کرد۔ معلوم کیا۔ سیرت۔ عادت۔ روشن قیاس۔ سمجھدار۔ ۔۔ بہش۔ محقق بہوش۔ اگر دید بیش پڑھا جائے ورنہ بصورت دید و بیش یعنی بہتر و اشس سے مرکب ہے۔ زبردست۔ بالا۔ دروے نخست۔ کسی کا دل نہ توڑا۔ زیرِ قلم۔ زیرِ حکم۔ حرف گیر۔ عیب جو۔ بکارش نیامد۔ یعنی اس کا تڑپنا اس کے لئے مفید نہ ہوا۔ گندم۔ محض جو کی مناسبت سے استعمال کر دیا ہے۔ پرتو۔ سایہ۔ رخنہ۔ خرابی۔ امین۔ اور بد اندیش کی مثال طشت اور چیونٹی کی سی ہے۔ طلعت۔ چہرہ۔ دیدار۔ مدام۔ ہمیشہ۔

١ از سہ دیگر۔ یعنی اُن دونوں جیسا کوئی تیسرا نہ تھا۔ دو صورت یعنی ایک دوسرے سے اسقدر مشابہ تھا۔ جیسا کہ آئینہ دیکھنے والا اور اُس کا عکس۔ شمشاد بُن۔ شمشاد قد۔ ہوا خواہ دوست میل۔ میلان۔ بشر۔ یعنی شرارت سے۔ زآسایش یعنی بدوں دیکھے چین نہ آتا۔ سادہ رو۔ امرد۔ غرض۔ یعنی نفسانی۔ ہیبت۔ رعب۔ شمہ۔ قلیل۔ سامان۔ قدر۔ آبرو۔ سر۔ خیال۔ ٢ سفر کردگان۔ یعنی غیر ملکی۔ لاابالی۔ بے پروا۔ خیرہ۔ بے شرم۔ ایوان۔ محل۔ مگر۔ اگر میں خاموش رہوں تو نمک حرام کہلاؤں۔ پندار۔ وہم وگمان۔ گوش داشت۔ دیکھ رہا تھا۔ بناخوبتر۔ برائی کے ساتھ۔ کہ بدمرد یعنی ہر شخص کی زبان پر یہ جملہ آگیا۔ دست یافت۔ موقعہ ملا۔

دو پاکیزہ پیکر چو حور و پری ‌‌ ‌— چو خورشید و ماہ از سہ[1] دیگر بری
دو صورت کہ گفتی یکے نیست بیش — نمودہ در آئینہ ہمتائے خویش
سخنہائے دانائی شیریں سخن — گرفت اندراں ہر دو شمشاد بن
چو دیدند کا وصافِ خُلقش نکوست — بطبعش ہوا خواہ گشتند و دوست
در وہم اثر کرد میلِ بشر — نہ میلے چو کوتاہ بیناں بشرّ
ازآسایش انگہ خبر داشتے — کہ در روئے ایشاں نظر داشتے
چو خواہی کہ قدرت بماند بلند — دل اے خواجہ در سادہ رویاں مبند
وگر خود نباشد غرض درمیاں — حذر کن کہ دارد بہیبت زیاں
وزیر اندریں شمۂ راہ برد — بخبث ایں حکایت بر شاہ برد
کہ ایں را ندانم چہ خوانند وکیست — نخواہد بساماں دریں ملک زیست
شنیدم کہ بابندگانش سرست — خیانت پسندست وشہوت پرست
سفر[2] کردگاں لاابالی زیند — کہ پروردۂ ملک و دولت نیند
نشاید چنیں خیرہ روئے تباہ — کہ بدنامی آرد در ایوانِ شاہ
مگر نعمتِ شہ فرامش کنم — کہ بینم تباہی و خامش کنم
بہ پندار نتواں سخن گفت زود — نگفتم ترا تا یقینم نبود
زفرمانبرانم کسے گوش داشت — کہ زیناں دو یکتن در آغوش داشت
من ایں گفتم اکنوں ملک راست رای — چناں کازمودم تو نیز آزمای
بناخوبتر صورتے شرح داد — کہ بد مرد را نیک روزے مباد
بد اندیش برخوردہ چوں دست یافت — درونِ بزرگاں بآتش بتافت

بخرده توان آتش افروختن — پس آنگه درختِ کہن سوختن
ملک را چناں گرم کرد ایں خبر — که جوشش برآمد چو منجل بسر
غضب دست در خونِ درویش داشت — ولیکن سکوں دست در پیش داشت
که پرورده کشتن نه مردی بود — ستم در پے داد سردی بود
میازار پروردهٔ خویشتن — چو تیرِ تو دارد به تیرش مزن
بنعمت نبایست پروردنش — چو خواہی به بیداد خوں خوردنش
ازو تا ہنرہا یقینت نشد — در ایوانِ شاہی قرینت نشد
کنوں تا یقینت نگردد گناہ — بگفتارِ دشمن گزندش مخواہ
ملک در دل ایں راز پوشیده داشت — که قولِ حکیماں نیوشیده داشت
دلست اے خردمند زندانِ راز — چو گفتی نیاید بزنجیر باز
نظر کرد پوشیده در کارِ مرد — خلل دید در رای ہشیار مرد
که ناگه نظر زی یکے بنده کرد — پری چہره در زیرِ لب خنده کرد
دو کس را که باہم بود جان و ہوش — حکایت کنانند و ایشاں خموش
تو دانی که صاحب نظر زیر زیر — نگردد چو مستسقی از دجله سیر
ملک را گمانِ بدی راست شد — بسودا برو خشمگن خواست شد
ہم از حسنِ تدبیر و رائے تمام — بآہستگی گفتش اے نیکنام
ترا من خردمند پنداشتم — بر اسرارِ ملکت امیں داشتم
گماں بردمت زیرک و ہوشمند — ندانستمت خیره و ناپسند
چنیں مرتفع پایه جائے تو نیست — گناه از من آمد خطائے تو نیست

ا منجل ۔ درانتی ۔ ستم در پئے داد ۔ انعام کے بعد ظلم بدی ہے ۔ تیرِ تو دارد ۔ تیری پناہ میں ہے ۔ بیداد ۔ ظلم ۔ قریں ۔ ہمنشیں ۔ گزند ۔ نقصان ۔ ایں راز یعنی چغلی ؛ ؛ دل است ۔ یہ حکماء کا مقولہ ہے ۔ خلل ۔ عیب ۔ که ۔ خلل کا بیان ہے ۔ زی ۔ جانب ۔ خنده زیر لب ؛ ؛ مسکراہٹ ۔

۱۰

حکایت ۔ یعنی اشاروں اشاروں میں بات ہوجاتی ہے ۔ ۲ نظر زیر زیر ۔ دزدیدہ نگاہی ۔ مستسقی ۔ جیسے استسقاء کا مرض ہو ۔ دجلہ ۔ بغداد کا مشہور دریا ۔ راست شد ۔ یقین ہوگیا ۔ سودا ۔ غصہ ۔ جنون ۔ اسرار ۔ راز ۔ زیرک ۔ عقلمند ۔ خیرہ ۔ بیحیا ۔ مرتفع پایہ ۔ بلند مرتبہ ۔

کہ چوں بدگہر[۱] پرورم لاجرم
برآورد سر مردِ بسیار داں
مرا چوں بود دامن از جرم پاک
بخاطر برم ہرگز ایں ظن نرفت
شہنشہ برآشفت کاینک وزیر
تبسّم کناں دست برلب گرفت
حسودیکہ بیند بجائے خودم
من آں ساعت انگاشتم دشمنش
چو سلطاں فضیلت نہد بر ویم
مرا تا قیامت نگیرد[۲] بدوست
برینت بگویم حدیثے درست

خیانت روادارم درحرم
چنیں گفت با خسروِ کارداں
نیاید زخبثِ بداندیش باک
ندانم کہ گفت اینچہ برمن نرفت
تعلّل مبندیش وحجّت مگیر
کزو ہرچہ گوید نیاید شگفت
کجا بر زباں آورد جز بدم
کہ بنشاند شہ زیر دستِ منش
نداند کہ دشمن بود در بیم
چو بیند کہ در عزّ من ذلّ اوست
اگر گوش با بندہ داری نخست

مثل

مر ابلیس را دید شخصے بخواب
نظر کرد و گفت اے نظیرِ قمر
ترا سہمگن روئے پنداشتند
بخندید و گفت آں نہ شکلِ منست
برانداختم بیخ شاں از بہشت
مرا ہمچنیں نامِ نیک ست لیک

بقامت صنوبر بروی آفتاب
ندارند خلق از جمالت خبر
بگرمابہ در زشت بنگاشتند
ولیکن قلم درکفِ دشمنست
کنونم بکیں میںنگارند زشت
زعلّت نگوید بداندیش نیک

۱۔ بدگہر۔ بداصل۔ لاجرم۔ لامحالہ۔ حرم گھر۔ خسرو۔ بادشاہ۔ باک۔ خوف۔ بر۔ زیادہ ہے۔ کہ۔ کدام۔ کاینک وزیر۔ یعنی معزول شدہ وزیر نے کہا ہے۔ تعلّل۔ بہانہ حجّت مگیر یعنی اب لائل سے کوئی فائدہ نہیں۔ تبسّم کناں یعنی نئے وزیر نے ہنستے ہوئے شگفت۔ تعجب۔ جز۔ سوائے زیردست۔ ماتحت۔ ۲۔ نگیرد بدوست۔ دوست نہیں بنا سکتا۔ عز۔ عزت ذلّ۔ ذلت۔ حدیث۔ قصہ۔ صنوبر۔ ایک قسم کا سرو ہے۔ سہمگن۔ ہولناک۔ گرمابہ۔ حمام میں ہولناک تصویریں منقش کرتے تھے۔ برانداختم۔ دشمنی کی علت ہے۔ کیں۔ کینہ۔ علت۔ یعنی حسد۔

60218

وزیرے کہ جاہِ من آبش بریخت — بفرسنگ باید ز مکرش گریخت
ولیکن نیندیشم از خشم شاہ — دلاور بود در سخن بیگناہ
چو حرفم برآید درست از قلم — مرا از ہمہ حرف گیراں چہ غم
نیاوردہ عامل غش اندر میاں — نیندیشد از رفع دیوانیاں
اگر محتسب گردد آنرا غمست — کہ سنگ ترازوئے بارش کمست
ملک در سخن گفتنش خیرہ ماند — سرِ دستِ فرماندہی برفشاند
کہ مجرم بزرق و زباں آوری — ز جرمیکہ دارد نگردد بری
ز خصمت ہمانا کہ نشنیدہ ام — نہ آخر بچشم خودت دیدہ ام
کزیں زمرۂ خلق در بارگاہ — نمی باشدت جز درایناں نگاہ
بخندید مردِ سخنگوی و گفت — حقست ایں سخن حق نشاید نہفت
دریں نکتہ ہست اگر بشنوی — کہ حکمت رواں باد و دولت قوی
نہ بیند کہ درویش بیدستگاہ — بحسرت کند در توانگر نگاہ
مرا دستگاہِ جوانی برفت — بلہو و لعب زندگانی برفت
ز دیدارِ ایناں ندارم شکیب — کہ سرمایہ دارانِ حسنند و زیب
مرا ہمچنیں چہرہ گلفام بود — بلوریں تنم از خوبی اندام بود
درِ غایتم رشتہ باید کفن — کہ مویم چو پنبہ ست و دوکم بدن
مرا ہمچنیں جعدِ شبرنگ بود — قبا در بر از نازکی تنگ بود
دو رستہ دُرم در دہاں داشت جاے — چو دیوارے از خشت سیمیں بپاے
کنونم نگہ کن بوقتِ سخن — بیفتاد یک یک چو جسرِ کہن

۵۱ آبش بریخت۔ بے آبرو کردیا۔ فرسنگ۔ تین میل۔ دلاور۔ یعنی بے قصور آدمی بات کہنے میں جری ہوتا ہے۔ عامل۔ کارندہ۔ غش۔ کھوٹ۔ رفع۔ حساب کتاب۔ دیوانیان۔ دفتری۔ گردد۔ چکر لگائے۔ خیرہ۔ حیران۔ ۵۲ سرِ دست فشاند۔ غضبناک ہوا۔ زرق۔ حیلہ۔ نہ آخر۔ کیا میں نے اپنی آنکھ سے نہیں دیکھا۔ زمرہ۔ جماعت۔ کہ حکمت۔ جملہ دعائیہ ہے۔ دستگاہ۔ طاقت۔ لہو و لعب۔ کھیل کود۔ شکیب۔ صبر۔ گلفام۔ گلرنگ۔ بلوریں۔ بلور کی مانند۔ ۵۳ درِ غایتم۔ یعنی زندگی کے آخری لمحات گذار رہا ہوں۔ دوک۔ تکلہ۔ جعد۔ گھونگر دار بال۔ شبرنگ۔ سیاہ۔ در۔ موتی دانت مراد ہیں۔ جسر۔ پل۔

۱۰

درایشاں بحسرت چرا ننگرم | کہ عمر تلف کردہ یاد آورم
برفت از من آں روزہائے عزیز | بپایاں[1] رسد ناگہ ایں روز نیز
چو دانشور ایں دُرِ معنی بسُفت | بگفت ایں کزاں بہ محالست گفت
درارکانِ دولت نگہ کرد شاہ | کزیں خوبتر لفظ و معنی مخواہ
کسے را نظر سوئے شاہد رواست | کہ داند بدیں شاہدی عذر خواست
بعقل ار نہ آہستگی کردمے | بگفتارِ خصمش بیازردمے
بہ تندی سبک دست بردن بتیغ | بدنداں برد پشتِ دستِ دریغ
زصاحب غرض تا سخن نشنوی | کہ گر کاربندی پشیماں شوی
نکونام را جاہ و تشریف و مال | بیفزود و بدگوی را گوشمال
بتدبیرِ دستورِ دانشورش | بہ نیکی بشد نام در کشورش
بعدل و کرم سالہا ملک راند | برفت و نکونامی از وے بماند
چنیں پادشاہاں کہ دیں پرورند | ببازوئے دیں گوئے دولت برند
ازاناں نہ بینم دریں عہد کس | وگر ہست بوبکر سعدست و بس
خدیو خردمند فرخ نہاد | کہ شاخ امیدش برومند باد
بہشتی[3] درختی تو اے پادشاہ | کہ افگندہ سایہ یکسالہ راہ
طمع بود در بختِ نیک اخترم | کہ بالِ ہمای افگند بر سرم
خرد گفت دولت نہ بخشد ہمای | گر اقبال خواہی دریں سایہ آی
خدایا برحمت نظر کردۂ | کہ ایں سایہ بر خلق گستردۂ
دعا گوئے ایں دولتم بندہ وار | خدایا تو ایں سایہ پایندہ دار

[1] پایاں - آخر - ایں کزاں - یعنی اس سے بہتر جواب نہیں ہو سکتا۔ شاہد - معشوق - کہ داند - جو اس طرح کی عذر خواہی کر سکے - بدنداں - یعنی افسوس کرنا پڑتا ہے -
[2] کاربندی - تو عمل کرے گا - نکونام - یعنی نیا وزیر - بدگو - یعنی پرانا وزیر - بشد - یعنی بادشاہ کا نام مشہور ہوا - گوئے بردن - بڑھ جانا - خدیو - بادشاہ - کہ شاخ - جملہ دعائیہ ہے
[3] بہشتی درخت - شجرۂ طوبیٰ جس کا سایہ ایک سال کی مدت میں طے ہو سکیگا - طمع - امید - ہما - ایک فرضی جانور ہے جس کے سر پر سے گذر جاتا ہے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے - ایں سایہ - منصف بادشاہ -

سلہ صوابست۔ دعا کے بعد پھر اس مضمون کی طرف رجوع کیا ہے۔

صوابست پیش از کُشش بند کرد	که نتواں سرِ کشته پیوند کرد
خداوندِ فرماں و رای و شکوه	زغوغائے مردم نگردد ستوه
